احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 29

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com
Email:editoralfazl@hotmail.com

ہفتہ 24 اپریل 2004ء 3 ربیع الاول 1425 ہجری - 24 شہادت 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 89

ہمیں آخرت مل جائے

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ایک بار مجھ سے فرمایا:۔
اے ابن خطاب کیا تجھے یہ بات پسند نہیں کہ قیصر وکسریٰ کو اس دنیا کی دولتیں دے دی جائیں اور ہمیں آخرت کی نعمتوں سے مالامال کر دیا جائے۔
میں نے عرض کیا کیوں نہیں یا رسول اللہ۔ مجھے یہی پسند ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الزھد باب ضجاع آل محمدؐ)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ بینن 13

دومنزلہ بیت الذکر کا افتتاح، صدر نیشنل اسمبلی بینن سے ملاقات اور ڈاکٹر سلام انسٹیٹیوٹ کا دورہ

9۔اپریل 2004ء
بروز جمعۃ المبارک

صبح چھ بجے حضور انور نے Portonovo کی بیت الذکر میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ یہ Portonovo کی پہلی بیت الذکر ہے۔ اور موجودہ مشن ہاؤس سے جہاں حضور انور کا قیام تھا۔ تین کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ بارہ بج کر پندرہ منٹ پر حضور انور نماز جمعہ کی ادائیگی کیلئے ''بیت التوحید'' Cotonou تشریف لے گئے۔ جہاں ایک بجے حضور انور نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ ٹیلی فون لائن کے ذریعہ MTA پر براہ راست نشر کیا گیا۔

Cotonou میں ''بیت التوحید'' ایک تاریخی بیت الذکر ہے یہاں پہلے کچی بیت ہوا کرتی تھی۔ جنوری 1987ء میں ڈاکٹر عبدالسلام صاحب مرحوم بینن تشریف لائے تھے تو نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے حکومت نے Cotonou کی سب سے بڑی مسجد کا انتخاب کیا تھا اور قالین وغیرہ بچھائے تھے۔ جب نماز جمعہ کا وقت آیا تو ڈاکٹر صاحب نے پوچھا یہاں احمدیوں کی بیت الذکر کہاں ہے مجھے وہاں جانا ہے تو حکومت کے افسران نے کہا ہم نے نماز جمعہ کیلئے سب سے بڑی مسجد میں انتظام کیا ہے۔ آپ وہاں چلیں۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا میں احمدیہ بیت الذکر میں جاؤں گا۔ چنانچہ پروٹوکول کو بالائے طاق رکھ کر ڈاکٹر صاحب بیت الذکر پہنچے۔ افسران بھی ساتھ تھے۔ اس وقت یہ بیت الذکر ایک چھوٹی سی خستہ حال بیت تھی۔ جس پر ٹین کی چھت تھی۔ چند آدمی اندر نماز پڑھ سکتے تھے۔ بیت الذکر کی جگہ بھی بہت خراب تھی اردگرد گندا پانی جمع رہتا تھا۔ ہر کوئی دیکھنے والا حیران تھا کہ یہ شخص شہر کی سب سے بڑی مسجد چھوڑ کر اس خستہ حال بیت الذکر میں آیا ہے۔ ڈاکٹر سلام صاحب نے اس بیت الذکر میں نماز جمعہ ادا کی اور جو چند احمدی احباب تھے ان کے ساتھ گھل مل گئے اور باتیں کرتے رہے۔ آج اسی جگہ پر اللہ تعالیٰ نے جماعت کو ایک وسیع وعریض دومنزلہ بڑی خوبصورت بیت الذکر بنانے کی توفیق عطا فرمائی ہے جس میں آٹھ صد افراد نماز پڑھ سکتے ہیں۔ یہ بیت الذکر مین ہائی وے کے اوپر ہے اور دور سے نظر آتی ہے۔

نماز جمعہ وعصر کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے بیت الذکر کی بیرونی دیوار پر لگی ہوئی تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور دعا کروائی۔ بیت الذکر کی بیرونی دیواروں کو ٹائلز سے مزین کرنے کا پروگرام ہے۔ حضور انور نے فرمایا اب اس کام کو بھی جلد مکمل کروائیں۔

اس کے بعد حضور انور Portonovo میں ایک ابتدائی مخلص احمدی 'راجی' خاندان کے گھر تشریف لے گئے جہاں حضور نے دوپہر کا کھانا تناول فرمایا۔

چار بجکر چالیس منٹ پر حضور انور صدر نیشنل اسمبلی حکومت بینن سے ملاقات کیلئے اسمبلی ہاؤس تشریف لے گئے۔ صدر نیشنل اسمبلی سے ملاقات پندرہ منٹ تک جاری رہی۔ صدر نیشنل اسمبلی نے حضور انور کی تشریف آوری پر خوش آمدید کہا اور جماعتی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ میں سارے ممبران اسمبلی کو بتاؤں گا کہ جماعت احمدیہ کے سپریم ہیڈ تشریف لائے تھے۔ ہمارے ان سے بہت اچھے تعلقات ہیں اور میں ہر طرف دیکھ رہا ہوں کہ جماعت احمدیہ خوب خدمات بجا لا رہی ہے۔

حضور انور نے فرمایا۔ ہمارا یہاں آنے کا مقصد اور ہمارے مذہب کا بھی یہی مقصد ہے کہ انسانیت کو اکٹھا کریں۔ ان سے محبت کریں اور مجھے اچھا لگا ہے کہ یہاں کے لوگوں میں محبت ہے اور مہمان نوازی بھی ہے۔ میں دعا کرتا ہوں کہ ملک ترقی کرے آپ مزید خدمت کر سکیں اور اس کام کو بینن کے لوگوں کیلئے اور آگے بڑھا سکیں۔

آخر پر صدر اسمبلی نے حضور انور کا پھر شکریہ ادا کیا کہ حضور انور نے مجھ سے براہ راست بات کی ہے اور ملاقات کا موقع دیا ہے۔

اس ملاقات کے بعد پریس کے نمائندگان نے انٹرویو لیا۔ جس میں حضور انور نے فرمایا کہ ہماری دوستانہ ماحول میں عام سادہ باتیں ہوئی ہیں۔ نہ ہم سیاسی لیڈر ہیں اور نہ ہی سیاسی باتیں کرتے ہیں۔ انسانیت کی ترقی اور بہبود پر گفتگو ہوئی ہے۔

اس کے بعد شام چھ بج کر پندرہ منٹ پر حضور انور ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے انسٹیٹیوٹ تشریف لے گئے جہاں انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر اور وائس ڈائریکٹر نے حضور انور کا استقبال کیا۔ اس انسٹیٹیوٹ کا نام یہ ہے:۔

Universtie Abomey-Calavi
The Abdussalam International
Centre for Theoretical Physics (Italy)
Institut De Mathematioues
Et De Sciences Physicuss

یونیورسٹی کے ڈائریکٹر اور وائس ڈائریکٹر نے حضور انور کی تشریف آوری پر شکریہ ادا کیا اور ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی بینن کے لئے خدمات کو سراہا۔ اس کے بعد حضور انور نے مختصر خطاب کیا اور فرمایا۔ یہاں آنے سے پہلے علم نہیں تھا کہ فارمل خطاب کرنا پڑے گا۔ میں آپ کے اس انسٹیٹیوٹ کو دیکھ کر بہت خوش ہوا ہوں کہ دنیا کے اس ایریا میں ایسا انسٹیٹیوٹ ہے جو Highly کمانڈ کرتا ہے اور آپ جو کوششیں کر رہے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ افریقہ میں بہت پوٹینشل ہے۔ مگر بہت سے وسائل کی ضرورت ہے یہ ایک حوصلہ افزا بات ہے کہ ایسا ادارہ ہے جو اس قوم کے ذہنوں کو جلا بخشتا ہے۔ اللہ کرے کہ یہاں سے سٹاف کو اچھی ایڈمنسٹریشن کی توفیق ملے اور جو طلباء پڑھ رہے ہیں اور جو آئندہ پڑھیں گے ان سب کو یاد رکھنا چاہئے کہ ملک کا آپ پر حق ہے کہ اپنے ملک کے لوگوں کی خدمت کریں۔ جب اپنی تعلیم مکمل کریں تو باہر جانے سے پہلے کچھ عرصہ ضرور اپنے ملک کی خدمت کریں۔ اگر آپ اپنے ملک کی ایمانداری محنت اور اخلاص سے خدمت کریں گے تو اپنے ملک کو ترقی یافتہ ممالک میں لا کھڑا کریں گے۔ خدا تعالیٰ آپ سب کو اپنی ذمہ داریاں سمجھنے اور ادا کرنے کی توفیق دے۔ آمین

اس مختصر خطاب کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔ اور انسٹیٹیوٹ کے مختلف شعبوں کا وزٹ فرمایا۔ اس کے بعد حضور انور واپس مشن ہاؤس تشریف لے آئے۔ جہاں حضور انور نے مربیان اور ان کی فیملیز سے ملاقات کی۔ یہ فیملی ملاقاتیں 8-30 بجے تک جاری رہیں۔

اس کے بعد حضور انور نے ہمسایہ ملک ٹوگو (Togo) سے آنے والے وفد سے ملاقات کی۔ ٹوگو کی 27 جماعتوں سے 68۔افراد پر مشتمل یہ وفد بڑا کٹھن اور تکلیف دہ سفر طے کر کے اپنے پیارے آقا کے دیدار کیلئے پہنچا تھا۔ ان میں سے بعض لوگوں کی عمریں 70 سال سے اوپر تھیں۔ اس وفد میں خواتین بھی شامل تھیں۔ بعض لوگ 750 کلومیٹر کا فاصلہ طے کر کے آئے تھے۔ یہاں راستے بھی خراب ہیں اور ٹرانسپورٹ کا بھی برا حال ہے۔ لیکن اس کے باوجود یہ سب احمدی احباب اپنے پیارے آقا کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے آئے تھے۔ حضور انور نے ان سب احباب کو شرف مصافحہ بخشا اور تصویریں بھی کھینچی گئیں اس وفد نے دو دن قیام کیا اور پانچوں نمازیں حضور انور کی اقتداء میں ادا کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اس وفد سے ملاقات کے بعد حضور انور نے نماز مغرب وعشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

☆ ☆ ☆

انگریزی سے ترجمہ: محمد محمود طاہر صاحب

سال 2002ء کے لئے زوآلوجسٹ آف ایئر

مکرم پروفیسر ڈاکٹر محمد شریف خان صاحب

مکرم پروفیسر ڈاکٹر محمد شریف خان صاحب سابق پروفیسر تعلیم الاسلام کالج ربوہ حال مقیم امریکہ کو سال 2002ء کا زوآلوجسٹ آف ایئر ایوارڈ دیا گیا۔ دی زوآلوجیکل سوسائٹی آف پاکستان (انجمن حیوانیات پاکستان) کے زیر نگرانی 22ویں پاکستان زوآلوجی کانگرس کا انعقاد مورخہ 16 تا 18 اپریل 2002ء آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی مظفر آباد میں ہوا۔

اس کانگرس میں مکرم پروفیسر ڈاکٹر محمد شریف خان صاحب کو 2002ء کا بہترین زوآلوجسٹ قرار دیا گیا۔ اس موقع پر ان کا تعارف اور کارنامے ریکارڈ کئے گئے۔ اور انگریزی میں درج ذیل خراج تحسین پیش کیا گیا۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد شریف خان صاحب 1939ء میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے پنجاب یونیورسٹی سے 1960ء میں گریجوایشن کی اور پھر پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ہی 1963ء میں ایم ایس سی زوآلوجی پاس کیا۔ ایم ایس سی فائنل میں اول آنے پر انہیں طلائی تمغے کا حقدار قرار دیا گیا۔ انہوں نے تعلیم الاسلام کالج ربوہ سے 1963ء میں ہی لیکچرار کی حیثیت سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور پھر 38 سال بعد اسی کالج سے ریٹائرمنٹ حاصل کی۔ انہوں نے اس چھوٹے قصبہ میں 38 سال گزار دیئے لیکن عالمی شہرت حاصل کی۔ انہوں نے اپنے آپ کو پاکستان کا واحد ماہر ہوامیات (Herpetologist) یعنی رینگنے والے جانوروں پر تحقیقات کرنے والا ماہر ثابت کیا۔

ڈاکٹر صاحب موصوف نے پاکستان کے رینگنے والے جانوروں پر اس وقت کام شروع کیا جبکہ ان جانوروں پر پاکستان میں علم نہ ہونے کے برابر تھا۔ جب 1965ء میں ان کا پہلا تحقیقی مضمون رینگنے والے جانوروں پر ``Biologia`` لاہور میں شائع ہوا جو کہ ان کے M.Sc کے مقالے پر مشتمل تھا اور اس کا عنوان تھا ``Development of Bufo melanostictus``

اس پر ڈاکٹر رابرٹ میرٹنز (Dr.Robert Mertens) نے جرمنی سے ڈاکٹر شریف خان صاحب کو خط لکھا اور زیر تحقیق مینڈک کا نام درست کیا اور Bufo stomaticus درست نام بتایا جس پر ڈاکٹر شریف خان صاحب اور ان کے سپروائزر گزشتہ دو سال سے تحقیقی کام کر رہے تھے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ دنیا کے زوآلوجسٹ کی نظر میں خشکی اور تری کے جانوروں کے بارہ میں پاکستان کی کس قدر کم معلومات تھیں۔ ان حالات میں ڈاکٹر شریف خان صاحب نے اپنا تحقیقی کام شروع کیا۔

ڈاکٹر شریف خان صاحب پاکستان میں رینگنے والے جانوروں کے بارہ میں علم کے بانی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے پاکستان کے تقریباً سبھی کونوں میں رینگنے والے اور خشکی وتری کے جانوروں پر کام کیا ہے۔ اور اس تحقیق کے دوران آپ نے 34 نئی انواع واقسام (Species) دریافت کیں جن میں سانپوں کی 11 چھپکلیوں کی 15 اور خشکی وتری کے جانوروں کی 8 انواع شامل ہیں۔

ڈاکٹر شریف خان کے تقریباً 200 تحقیقی مضامین دنیا کے مختلف سائنسی مجلوں میں شائع ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان کے رینگنے اور خشکی وتری کے جانوروں کے بارہ میں ان کی دس کتب اردو، انگریزی اور جرمن زبان میں شائع ہو چکی ہیں۔ ان میں:

(1) A Color guide to the Amphibians & Reptiles of Pakistan امریکہ سے 2001ء میں شائع ہوئی۔

(2) Die Schlargen Pakistan جرمنی سے 2001ء میں۔

(3) The Snakes of Pakistan جرمنی سے 2001ء میں۔

(4) Amphibians & Reptiles of Pakistan اردو میں 2000ء میں اردو سائنس بورڈ کی طرف سے شائع ہوئی۔

(5) A field guide to the identification of Herps of Pakistan Part I بائیولوجیکل سوسائٹی پاکستان کی طرف سے 1987ء میں۔

6۔ اسی کتاب کا حصہ دوم 1990ء میں شائع ہوا۔

7۔ "پاکستان کے سانپ" اردو سائنس بورڈ

اس کے علاوہ اس موضوع پر تین کتب شامل ہیں۔

ڈاکٹر شریف خان نے تحقیق کے مختلف پراجیکٹس میں WWF پاکستان اور پاکستان سائنس فاؤنڈیشن کے ساتھ کام کیا ہے۔ وہ M.Sc کے متعدد مقالوں کو سپروائز بھی کر چکے ہیں۔ ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے اپنے تمام جمع شدہ تحقیقی مواد کو نیشنل ہسٹری میوزیم گورنمنٹ کالج لاہور کو عطیہ کے طور پر دے دیا۔ اس مواد میں بے شمار انواع واقسام کے رینگنے والے اور خشکی وتری کے جانور شامل ہیں۔

ڈاکٹر شریف خان نے نوجوان سائنس دانوں کی ایک ٹیم کو تیار کیا ہے۔ جو ان کے مشن کو آگے چلا رہے ہیں۔ آج کل ڈاکٹر صاحب امریکہ میں اپنے بیٹے کے پاس ریٹائرڈ زندگی گزار رہے ہیں۔ انہیں زوآلوجسٹ آف 2002ء کا مستحق قرار دینا ان کی اس میدان میں خدمات کا اعتراف ہے۔ یہ ایوارڈ پاکستان کے اس عظیم ماہر ہوامیات (خشکی تری کے جانور کے ماہر) کے لئے ان کے ساتھیوں کی جانب سے اور زوآلوجیکل سوسائٹی آف پاکستان کی طرف سے ایک گرانقدر تحفہ ہوگا۔

سعدیہ مبارکہ صاحبہ صدر لجنہ ولوا لیورجن

لجنہ وناصرات جزائر فجی کا سالانہ اجتماع

دوروزہ سالانہ اجتماع لجنہ وناصرات جزائر فجی مورخہ 17، 18 جنوری 2004ء کو بمقام بیت مبارک ولودا منعقد ہوا۔ اجتماع سے قبل نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ مکرمہ نور جہاں مقبول صاحبہ کی زیر نگرانی مختلف کلاسز اور ہفتہ تعلیم وتربیت منائے گئے اور مکرم ریجنل مربی صاحب کی خدمات لی گئیں۔ مقام اجتماع کو لجنہ و ناصرات نے بھرپور محنت کے ساتھ بینرز اور جھنڈیوں کے ساتھ سجایا۔

مورخہ 17 جنوری کو نیشنل صدر صاحبہ کی زیر صدارت اجتماع کا آغاز ہوا۔ تلاوت ونظم اور عہد دہرانے کے بعد میزبان صدر صاحبہ مسز افروزہ قسیم بخش صاحبہ نے اپنی تقریر میں سب کو خوش آمدید کہا اور اجتماع کے مقاصد بیان کئے۔ اس کے بعد نیشنل صدر صاحبہ نے افتتاحی تقریر میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا لجنہ یو۔ کے کے اجتماع پر پیش کئے گئے خطاب کو پڑھ کر سنایا اور دعا کروائی۔ اسی طرح ناصرات الاحمدیہ کا علیحدہ اجتماع ہوا۔ اس میں محترمہ محمودہ اقبال صاحبہ نے قرآن پاک کی تلاوت، نظم اور عہد دہرانے کے بعد ناصرات الاحمدیہ کی غرض اور دینی علم حاصل کرنے کا مقصد بیان کیا اور دعا کروائی۔

علمی مقابلہ جات

افتتاحی تقریب کے بعد باقاعدہ علمی مقابلہ جات کا آغاز ہوا۔ اس میں حفظ قرآن، قراءت، حفظ نظم، مقابلہ تقریر، اردو ریڈنگ، فی البدیہہ تقریر، پیغام رسانی، کوئز، مشاہدہ معائنہ اور بیت بازی کے مقابلہ جات شامل ہیں۔ لجنات نے بھرپور تیاری کے ساتھ مقابلوں میں حصہ لیا۔ ایک غیر از جماعت فجیئن خاتون نے جماعت کے تعلیمی وتربیتی معیار کو سراہتے ہوئے خوشی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

دوسرے دن کا آغاز صبح نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد مکرم مربی صاحب نے درس دیا۔ ناشتہ کے بعد ورزشی مقابلہ جات ہوئے جس میں مینڈک دوڑ، ایک ٹانگ دوڑ، 100 اور 50 میٹر دوڑ، تین ٹانگ دوڑ، بوری دوڑ، رسہ کشی، روک دوڑ، کینڈل دوڑ، چمچ میں گولی لے کر دوڑنا اور ہائی جمپ شامل ہیں۔

اختتامی تقریب

18 جنوری کو اختتامی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرمہ نیشنل صدر صاحبہ مسز نور جہاں مقبول صاحبہ نے نمایاں پوزیشن لینے والی ممبرات کو انعامات اور اعزازی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ اس کے بعد انہوں نے حضور انور کا خطبہ جمعہ 6 دسمبر 2003ء بحوالہ عہدیداروں کی ذمہ داریاں پڑھ کر سنایا۔ اور کچھ نصائح بھی کیں۔ دعا کے ساتھ یہ اجتماع اپنے اختتام کو پہنچا۔ الحمدللہ۔ امسال کل حاضری خدا تعالیٰ کے فضل سے 119 ممبرات تھی۔ اللہ تعالیٰ اس اجتماع کے بہترین نتائج ظاہر فرمائے اور یہ تعلیمی وتربیتی لحاظ سے جماعت کی ترقی کا باعث ہو۔ اور اللہ تعالیٰ تمام کارکنات کو اپنے فضلوں سے نوازے اور تمام ممبرات کو ہمیشہ خلافت احمدیہ سے وابستہ رکھے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 2 اپریل 2004ء)

اعلان داخلہ

○ ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے یونیورسٹی اساتذہ کیلئے سوشل سائنسز، آرٹس اور ہیومینٹیز میں 300 سکالرشپ کا اعلان کیا ہے اہل امیدواران کا انٹری ٹیسٹ بروز اتوار مورخہ 23 مئی 2004ء کو ہوگا نیز درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ بروز ہفتہ 8 مئی 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے جنگ 18۔ اپریل 2004ء

○ آئی بی اے (بزنس سکول) نے ملک بھر میں نیشنل ٹیلنٹ ہنٹ کا سلسلہ شروع کیا ہے اس سلسلہ میں درج ذیل طلبہ Apply کر سکتے ہیں۔ (i) پچھلے دو سال کے دوران حکومت کے کسی بھی منظور شدہ انٹرمیڈیٹ بورڈ سے انٹرمیڈیٹ / ایف ایس سی / ایف۔ اے / اچ ایس سی کا امتحان پاس کر چکے ہیں (ii) اپنے متعلقہ انٹرمیڈیٹ بورڈ کے امتحان میں آپ کا شمار ٹاپ طلباء میں ہوا ہو۔ (iii) پاکستان کے مستقل شہری ہوں (iv) آئی بی اے کے بی بی اے / بی سی ایس پروگرامز میں شرکت کرنا چاہتے ہوں۔ کوائف 30 اپریل 2004 تک بھجوائے جا سکتے ہیں مزید معلومات کیلئے جنگ 18۔ اپریل 2004ء (نظارت تعلیم)

ربوہ میں طلوع وغروب 24 اپریل 2004ء	
طلوع فجر	4-00
طلوع آفتاب	5-28
زوال آفتاب	12-07
غروب آفتاب	6-46

پبلشر آغا سیف اللہ ' پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

عِلم تعبیر الرویا اور اس کے عجائبات

قسط اول

مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

علم تعبیر کی اہمیت

علم تعبیر الرویا جو قرآن عظیم کی اصطلاح میں ''تاویل الاحادیث'' کہلاتا ہے مذاہب عالم خصوصاً اسلام میں بے شمار وسعتوں پر محیط ہے اور خدا تعالیٰ کے ازلی و ابدی چشمہ علم و عرفان سے فیضیاب ہونے کے باعث زمانہ قدیم سے دائمی حیثیت کا حامل رہا ہے۔ ابوالانبیاء سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام محض خواب کے ایک اشارہ ربانی پر اپنے بیٹے سیدنا اسماعیل علیہ السلام کی گردن پر چھری چلانے کے لئے تیار ہو گئے اور حضرت اسماعیلؑ نے اپنے مولا کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے بخوشی اپنی جان کی قربانی پیش کر دی۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی پوری زندگی ان کے ایک خواب ہی کے اردگرد چکر لگاتی ہے۔ اسلام میں اذان کا آغاز خواب کا ہی رہین منت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چودہ سو جاں نثار صحابہؓ کے ساتھ صرف خواب ہی کی بناء پر مدینہ سے حدیبیہ کے مقام پر تشریف لے گئے تھے۔

ایک حیرت انگیز واقعہ

تاریخ اسلام میں یہ حیرت انگیز واقعہ بھی ریکارڈ ہے کہ صحابی رسولؐ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ جنگ یمامہ میں مسیلمہ کذاب سے جنگ کرتے ہوئے شہید ہو گئے تھے۔ اس وقت آپ کے بدن مبارک پر نفیس زرہ تھی جو کسی نے ان کے جسم سے اتار کر رکھ لی۔ ایک شخص کو حضرت ثابت بن قیسؓ خواب میں ملے اور فرمایا کہ میں تمہیں ایک نصیحت کرتا ہوں۔ تم اسے خواب سمجھ کر خاموش نہ بیٹھ جانا۔ وہ وصیت یہ ہے کہ جب میں شہید ہوا تو ایک آدمی نے میری زرہ اتار لی۔ اس شخص کا خیمہ لشکر کے کنارے پر ہے اور اس کے خیمہ کے پاس گھوڑے بندھے ہیں۔ زرہ پر اس شخص نے ہانڈی ڈھانپ رکھی ہے اور ہانڈی پر پالان۔ تم ہمارے سپہ سالار خالدؓ بن ولید سے کہو کہ وہ میری زرہ اس شخص کے پاس سے منگوا لیں اور جب خلیفۃ الرسولؐ کے پاس جاؤ تو ان سے کہنا کہ اس قدر مجھ پر قرض ہے اور اس قدر میرا قرض فلاں شخص پر ہے اور کہہ دینا کہ میں اپنے فلاں غلام کو آزاد کرتا ہوں۔ میں تمہیں مکرر کہتا ہوں کہ اسے خواب نہ جاننا۔ اس شخص نے جا کر حضرت خالدؓ سے کہا۔ حضرت خالدؓ نے انہیں حکم دیا کہ وہ اس کے خیمہ سے جا کر زرہ لے آئے۔ جب وہ اس کے خیمہ پر پہنچا تو اس کے اندر کوئی نہ تھا۔ اندر جا کر پالان الٹا تو اس کے نیچے ہانڈی نکلی اور ہانڈی کے نیچے زرہ۔ وہ یہ زرہ حضرت خالدؓ کے پاس لے آیا۔ پھر جب مدینہ پہنچے تو حضرت ابوبکر صدیقؓ سے انہوں نے وصیت بیان کی اور حضرت ابوبکرؓ نے اس پر عمل کیا۔

(ازالة الخفاء عن خلافة الخلفاء حصہ اول از حضرت علامہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی۔ ناشر محمد سعید اینڈ سنز قرآن محل قرآن ص179-180)

علم تعبیر کی تجدید

سیدنا حضرت مسیح موعود اور حضور کے خلفاء نے جو تجدیدی کارنامے سرانجام دیے ہیں۔ ان میں علم تعبیر الرویا کی تجدید کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود نے اپنی علم و معرفت سے لبریز کتب اور ملفوظات میں اس علم کے بہت سے گوشوں پر ایسی روشنی ڈالی ہے کہ دن ہی چڑھا دیا ہے۔ آپ کے قلم سے بیشمار خوابوں کی تعبیریں ملتی ہیں جن کو دیکھ کے یوں نظر آتا ہے کہ کوثر و تسنیم کا چشمہ ہے جو پوری شان سے بہہ رہا ہے۔ قدیم بزرگان امت میں سے حضرت علامہ ابن سیرینؒ نے ''منتخب الکلام'' اور ''تعبیر الرؤیا الصغیر'' میں قطب الزمان شیخ العارفین حضرت عبدالغنی نابلسی نے ''تعطیر الانام'' میں حضرت ابوالفضل حسین ابن ابراہیم محمد تفلیسی نے ''کامل التعبیر'' میں۔ حضرت جابر مغربی نے ''کتاب ارشاد'' میں حضرت ابراہیم کرمانیؒ نے ''کتاب دستور'' میں۔ حضرت اسماعیل بن اشعثؒ اور حضرت حافظ بن اسحاقؒ نے ''کتاب تعبیر'' میں اور حضرت خالد اصفہانیؒ نے ''کتاب منہاج التعبیر'' میں نہایت قابل قدر معلومات جمع کر دی ہیں۔ اور ان کی یہ علمی جدوجہد آئندہ نسلوں کو گراں بار احسان رکھے گی کہ انہوں نے ایک ایسے دور میں جب کہ خلافت کا بابرکت نظام جو علم تعبیر کی رو سے خانہ کعبہ کی مثالی شکل میں دکھلایا جاتا ہے۔ (تعبیر الرویا الصغیر از علامہ ابن سیرینؒ) صفحہ ہستی سے معدوم ہو چکا تھا اور تاریکی سی چھا گئی تھی اس آسمانی علم کے چراغ روشن رکھے مگر یہ حقیقت ہے کہ کوئی عالم ربانی اس سے انکار نہیں کر سکتا کہ عہد حاضر میں اس علم کے اندر بھی بہت تغیر ہو چکا۔ دنیا کا نقشہ بدل چکا ہے۔ انسانی قلوب و دماغ اور ارواح زمانہ نئے سے نئے افکار و خیالات اور فلسفوں کی زد میں ہیں اور خصوصاً فرانس کے صنعتی انقلاب اور جمہوریت اور دہریت کے ابھرنے والے سیلاب کے سامنے پہلے علوم ہیچ نظر آتے ہیں اور زمانہ بین الاقوامی سطح پر تقاضا کر رہا ہے کہ کوئی خدا کا فرستادہ اور برگزیدہ زندہ خدا کی زندہ تجلیات کی از سر نو چہرہ نمائی کرے اور قرآن و حدیث کے دوسرے علوم کی طرح علم تعبیر کو بھی ایک سائنس کی حیثیت سے پیش کرے اور اپنے روحانی تجربات و مشاہدات کی روشنی میں اس کو دنیا پر آشکار کرے۔ سو الحمد للہ حضرت مسیح موعود بانی جماعت احمدیہ نے اس ضرورت کو نہایت شاندار رنگ میں پورا فرمایا جس پر آپ کا پیدا کردہ لٹریچر گواہ ہے۔ حضور نے نہ صرف اس علم کی اہمیت نمایاں کی بلکہ اس کی ضرورت اور اس کے اغراض و مقاصد بیان فرمائے اور بتایا کہ قسام ازل نے خوابوں کی استعداد ہر شخص میں رکھی ہے تا کہ خدا کے پاک نبیوں پر ایمان کے لئے حجت ہو اور انسان صداقت کو شناخت کر سکے حضور نے علم تعبیر کے اصولوں، خوابوں میں فرق، نیز کامل مقربان درگاہ الٰہی کے خوابوں کے امتیاز کی واضح علامات بیان کی ہیں۔ سیدنا حضرت مصلح موعود کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اس علم میں ایک خاص دستگاہ بخشی تھی اور آپ نے حضرت مسیح موعود کے پیش فرمودہ علم تعبیر کی جزئیات تک کو ایسا کھول کھول کر بیان فرمایا کہ حیرت آتی ہے بلکہ خاص طور پر جلسہ سالانہ 1917ء پر خاص اسی موضوع پر تقریر فرمائی جو قیامت تک کیلئے مشعل راہ کا کام دے گی۔ آپ نے ایک بار یہ بھی فرمایا:

''یہ ایک قلبی علم ہے اگر اللہ تعالیٰ موقعہ دے تو تعبیر الرویا کے متعلق ایک کتاب لکھنے کا ارادہ ہے۔ قرآنی تعبیر کی کتابوں میں بہت اصلاح کی ضرورت ہے .... یہ کچھ اوپر سے انکشاف ہوتا ہے۔ ظاہر میں پتہ نہیں لگتا۔ اب خواب کے علم میں معلوم ہوتا ہے کہ مفردات کی بجائے مرکبات کا زیادہ دخل ہوتا ہے آج کل رویا مرکب زیادہ ہوتی ہیں ان میں معبر کو مختلف ٹکڑوں سے مختلف نتیجے نکالنے پڑتے ہیں۔ حضرت صاحب فرماتے تھے اور حضرت خلیفہ اول بھی فرماتے تھے اس علم میں بہت تغیر ہو چکا ہے''

(الفضل 19 جون 1922ء)

حضرت مصلح موعود نے اپنی تفسیر کبیر میں زیر سورۃ وحی، الہام اور رویا کے مضمون پر عارفانہ روشنی ڈالی ہے جو پڑھنے کے لائق ہے۔

ایک پُر عجائب اور پُر اسرار علم

سیدنا حضرت مسیح موعود نے علم رویا کو پر اسرار علم قرار دیتے ہوئے اس کے باریک در باریک سلسلہ کی بہت سی کڑیاں بے نقاب کی ہیں اور فرمایا ہے کہ:

''عالم رویا اور عالم آخرت سراپا متقابلہ کی طرح واقعہ ہیں جو کچھ فطرت اور قدرت الٰہی نے عالم خواب میں خواص عجیبہ رکھے ہیں اور جس عجیب طور سے روحانی امور محسوس و مشہود طور پر اس عالم میں دکھائی دیتے ہیں۔ بعینہ یہی حال عالم آخرت کا ہے یا یوں کہو کہ عالم خواب عالم آخرت کے لئے اسی عکسی آئینہ کی طرح ہے جو ہو بہو فوٹو گراف اتار دکھائے اور اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ موت اور خواب دو حقیقی بہنیں ہیں جن کا حلیہ اور شکل اور لوازم اور خواص قریب قریب ہیں اور اگر ہم اسی زندگی دنیا میں عالم آخرت کے کچھ اسرار بغیر ذریعہ الہام اور وحی کے دریافت کر سکتے ہیں تو بس یہی ایک ذریعہ عالم رویا کا ہے۔ سو دانشمندوں کو چاہئے کہ اگر اس عالم کی کیفیت دریافت کرنا چاہیں تو عالم رویا پر بہت غور اور توجہ کریں کیونکہ جن عجائبات سے یہ عالم رویا بھرا ہوا ہے اسی قسم کے عجائبات عالم آخرت میں بھی ہیں اور جس طور کی ایک خاص تبدیلی وقوع میں آ کر عالم رویا پیدا ہو جاتا ہے اور پھر اس میں یہ عجائبات عالم آخرت میں بھی ہیں اور جس طور کی ایک خاص تبدیلی وقوع میں آ کر عالم رویا پیدا ہو جاتا ہے اور پھر اس میں عجائبات کھلتے ہیں عالم آخرت میں بھی اسی کے مشابہ تبدیل ہے''۔

(سرمہ چشم آریہ روحانی خزائن جلد 2 ص159)

13 راکتوبر 1902ء کا واقعہ ہے کہ حضرت مسیح موعود حسب معمول سیر کو نکلے۔ چند آدمیوں نے اپنے خواب سنائے حضرت اقدس نے فرمایا:

''باطل میں جو تیاریاں حق کی طرف آنے کے لئے ہو رہی ہیں اس کے نظارے دکھائے جاتے ہیں۔ رویا کا بھی عجیب عالم ہوتا ہے جن باتوں کا نام و نشان نہیں ہوتا وہ وجود میں لائی جاتی ہیں۔ معدوم کا موجود اور موجود کا معدوم دکھایا جاتا ہے اور عجیب عجیب قسم کے تغیرات ہوتے ہیں''

(ملفوظات جلد دوم ص338)

عالم رویا اور اس کی تعبیرات کے غیر محدود عجائبات ہیں جن میں سے بطور نمونہ صرف نو کا ذکر کیا جاتا ہے۔

حقائق تمثیلات کی صورت میں

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''جن لوگوں کو تاویل رویا کا علم نہیں ان کو ان تعبیرات میں تکلف معلوم ہوگا مگر صاحب تجربہ خوب جانتے ہیں کہ رویا کے بارہ میں اکثر عادت اللہ اسی طرح پر جاری ہے کہ حقیقت کو ایسے ایسے پردوں اور تمثیلات میں بیان فرماتا ہے۔ مسلم نے انسؓ سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خواب دیکھی کہ عقبہ بن رافع کے گھر جو ایک صحابی تھا آپؐ تشریف رکھتے ہیں۔ اسی جگہ ایک شخص ایک طبق رطب ابن طاب کا لایا اور صحابہؓ کو دیا اور رطب ابن طاب ایک خرما کا قسم ہے کہ جس کو ابن طاب نام ایک شخص نے پہلے پہل کہیں سے لا کر اپنے باغ میں لگایا تھا۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی یہ تعبیر کی کہ دنیا و آخرت میں صحابہؓ کی عاقبت بخیر وعافیت ہے اور حلاوت ایمان سے وہ خوشحال اور متمتع ہیں۔ سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عقبہ کے لفظ سے عاقبت نکالا اور رافع خدا کا نام ہے اس سے رفعت کی بشارت سمجھ لی اور خرما کی حلاوت سے حلاوت ایمانی لی اور ابن طاب میں طاب کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں خوشحال ہوا۔ پس اس سے خوشحال ہونے کی بشارت سمجھ لی۔ غرض تعبیر رویا میں ایسی تعبیرات واقعی اور صحیح ہیں''۔

(مکتوبات احمدیہ جلد اول ص 19 و مسلم کتاب الرویا)

ظاہر ہے کہ دنیائے خواب کے ایسے اشارات کو خدا کے عارف بندے مجاہدات کے بعد ہی معلوم کر سکتے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

''خواب کے اشارے اس پانی سے مشابہ ہیں جو ہزاروں من مٹی کے نیچے زمین کی تہ تک میں واقع ہے جس کے وجود میں تو کچھ شک نہیں لیکن بہت سی جانکنی اور محنت چاہئے تا وہ مٹی پانی کے اوپر سے بکلی دور ہو جائے۔ اور نیچے سے پانی شیریں اور مصفی نکل آوے۔ ہمت مرداں مدد خدا۔ صدق اور وفا سے خدا تعالیٰ کو طلب کرنا موجب فتحیابی ہے۔

(ملفوظات جلد 4 ص 411)

انتشار روحانیت

یہ مسلمہ روحانی اصول ہے جسے حضرت مسیح موعود نے ''ضرورۃ الامام'' میں بھی بالوضاحت بیان فرمایا ہے کہ امام الزمان کے ظہور کے وقت وسیع پیمانے پر سچی خوابوں اور الہاموں کا ایک سلسلہ جاری ہوتا ہے جس کے نتیجہ میں عام اور خاص دینی اور دنیاوی ہر اعتبار سے انتشار روحانیت ہوتا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

''حقیقت یہ ہے کہ جب دنیا میں کوئی امام الزمان آتا ہے تو ہزار ہا انوار اس کے ساتھ آتے ہیں اور آسمان میں ایک صورت انبساطی پیدا ہو جاتی ہے اور انتشار روحانیت اور نورانیت ہو کر نیک استعدادیں جاگ اٹھتی ہیں۔ پس جو شخص الہام کی استعداد رکھتا ہے اس کو سلسلہ الہام شروع ہو جاتا ہے اور جو شخص فکر اور غور کے ذریعہ سے دینی تفقہ کی استعداد رکھتا ہے اس کے تدبر اور سوچنے کی قوت کو زیادہ کیا جاتا ہے اور جس کو عبادات کی طرف رغبت ہو اس کو تعبد اور پرستش میں لذت عطا کی جاتی ہے اور جو شخص غیر قوموں کے ساتھ مباحثات کرتا ہے اس کو استدلال اور اتمام حجت کی طاقت بخشی جاتی ہے اور یہ تمام باتیں درحقیقت اسی انتشار روحانیت کا نتیجہ ہوتا ہے جو امام الزمان کے ساتھ آسمان سے اترتی اور ہر ایک مستعد کے دل پر نازل ہوتی ہے .... مگر مسیح موعود کے زمانہ کو اس سے بھی بڑھ کر ایک خصوصیت ہے اور وہ یہ کہ پہلے نبیوں کی کتابوں اور احادیث نبویہ میں لکھا ہے کہ مسیح موعود کے ظہور کے وقت یہ انتشار نورانیت اس حد تک ہوگا کہ عورتوں کو بھی الہام شروع ہو جائے گا اور نابالغ بچے نبوت کریں گے اور عوام الناس روح القدس سے بولیں گے اور یہ سب کچھ مسیح موعود کی روحانیت کا پرتو ہوگا''

(ضرورۃ الامام روحانی خزائن جلد 13 ص 474)

اس حقیقت اور صداقت کے ثبوت میں بے شمار واقعات پیش کئے جا سکتے ہیں۔ حق یہ ہے کہ سلسلہ احمدیہ کی ترقی اور خلافت احمدیہ کی عظمت و استحکام میں ہمیشہ ہی رویائے صالحہ کا بھاری عمل دخل رہا ہے۔ حضرت مسیح موعود کے عہد مبارک سے لے کر آج تک کثیر تعداد ان بزرگوں کی ہے جن پر (۔) کی صداقت بذریعہ خواب منکشف ہوئی۔

حضرت پیر سراج الحق صاحب نعمانی کو خواب میں حضرت مہدی معہود کا حلیہ مبارک دکھایا گیا۔

(عسل مصفّٰی طبع اول ص 184-185)

حضرت مولانا عبید اللہ صاحب بسمل مصنف ''ارجح المطالب فی مناقب اسد اللہ الغالب'' کو خواب میں (ایک بزرگ) کی زیارت ہوئی وہ ایک بلند مقام پر رونق افروز ہیں اور ارشاد فرماتے ہیں کہ مرزا صاحب کو خبر کر دو کہ میں آ گیا ہوں۔ چنانچہ بسمل صاحب اگلے ہی روز حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوئے اور داخل احمدیت ہو گئے۔

(الحکم 7/14 نومبر 1938ء ص 7)

مدراس کے ایک بزرگ احمد صاحب 14 اپریل 1907ء کو حضرت اقدس کی خدمت میں بیعت کے واسطے حاضر ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ قادیان آنے سے پہلے میں نے ایک رویا میں قادیان کا پورا نقشہ ہو بہو دیکھا تھا۔ یہ تمام مکانات وغیرہ بعینہٖ دکھائے گئے تھے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 207)

غالباً 1903ء کا واقعہ ہے حضرت مفتی محمد صادق صاحب (ہیڈ ماسٹر تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان) کو خواب میں ایک لفافے پر یہ پتہ دکھایا گیا ''زیرک خان محمد نظام الدین مسجد قطب شاہی آصف آباد'' حضرت مفتی صاحب نے اس پتہ پر ایک کارڈ لکھا کہ آپ مہربانی کر کے جواب لکھیں پھر آپ کو مفصل خط لکھا جائے گا۔ کارڈ پوسٹ کر دیا گیا لیکن بعد کو معلوم ہوا کہ آصف آباد نام کا کوئی ڈاکخانہ نہیں۔ اس واسطے شبہ ہوا یہ خط کہیں نہیں پہنچے گا۔ بایں ہمہ آپ نے بعض دوستوں کے مشورہ پر اسی پتہ پر ایک مفصل لفافہ مع اپنی خواب کے حوالہ ڈاک کر دیا۔ آٹھ دس دن گزر گئے نہ کارڈ کا جواب آیا نہ لفافے کا۔ تب آپ نے یہ خواب اخبار ''الحکم'' میں شائع کرا دی۔ چند روز بعد حیدر آباد دکن سے خط آیا جو ایک بزرگ محمد نظام الدین مدرس کا تھا جنہیں کارڈ تو پہنچ گیا تھا مگر لفافہ اور اخبار نہیں ملا تھا۔ انہوں نے اپنے خط میں حضرت مفتی صاحب کا بہت شکریہ ادا کیا کہ آپ کی بڑی مہربانی ہے جو آپ نے مجھے خط لکھا۔ اور اس طرح مجھے معلوم ہوا کہ قادیان کہاں ہے اور اس تلاش کی وجہ یہ تھی کہ مجھے ایک خواب دکھائی گئی جس کے سبب سے مجھے قادیان خط لکھنا ضروری ہو گیا اور وہ خواب فلاں شب پچھلی رات کو صبح دکھایا گیا تھا۔ یہ تاریخ خواب دیکھنے کی اور وقت وہی تھا جس وقت کہ حضرت مفتی صاحب نے خواب میں لفافہ دیکھا۔ (۔) میں نے جناب مرزا صاحب کی کوئی کتاب نہیں پڑھی۔ صرف اس خواب کی بنا پر میں ان کا مرید ہونا چاہتا ہوں۔ مگر مجھے معلوم نہ تھا کہ کس پتہ پر خط لکھوں۔ اب آپ میری بیعت کی درخواست حضرت صاحب کی خدمت میں پیش کر دیں۔ میں ایک غریب آدمی ہوں۔ سفر خرچ کی طاقت نہیں رکھتا ورنہ خود حاضر ہوتا۔ لیکن میں کوشش کروں گا اور جب میرے پاس سفر خرچ کے واسطے کچھ رقم جمع ہو جائے گی تب حاضر ہو جاؤں گا۔

اس خط میں اس بزرگ نے قسم کھا کر لکھا کہ میں نے فی الحقیقت یہ خواب دیکھا ہے اور جس رات خواب دیکھا میں اس رات میں مسجد میں سویا ہوا تھا۔ چونکہ آپ نے کارڈ میں شہر کا نام نہ لکھا تھا اس واسطے خط مجھے جلد نہ ملا۔ ڈاک خانے والے مختلف شہروں میں اس کو پھراتے رہے۔ آصف آباد حیدر آباد کے ایک محلہ کا نام ہے اس کارڈ پر تقریباً تیرہ مہریں لگی ہوئی ہیں اور بالآخر کسی نے لکھا کہ حیدر آباد میں کوشش کی جائے تب یہ کارڈ یہاں آیا اور مجھے ملا۔ اور میں ایک غریب مدرس ہوں صرف دس روپیہ میری تنخواہ ہے۔ میرے پاس سفر خرچ نہیں ورنہ خود حاضر ہوتا۔ اس واسطے سردست بذریعہ تحریر بیعت کرتا ہوں۔ جب میرے پاس کچھ رقم ہوگی خود حاضر ہوں گا۔

اس خط کے چھ ماہ بعد محمد نظام الدین صاحب خود قادیان آئے اور حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر دستی بیعت بھی کی۔

(بشارات رحمانیہ طبع دوم مولفہ مولوی عبدالرحمٰن صاحب مبشر مولوی فاضل ص 139)

حضرت مسیح موعود کے وصال کے بعد عالم رویا کی آسمانی شہادتوں کا دریا خلفاء احمدیت کی حقانیت کے لئے بھی رواں دواں ہے۔ اس ضمن میں بعض خوابوں کا ذکر مناسب ہوگا۔

☆ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے حضرت مسیح موعود کے آخری سفر لاہور سے قبل خواب میں دیکھا کہ ''وہ چوبارہ پر گئی ہیں اور وہاں حضرت مولوی نور الدین صاحب ایک کتاب لئے بیٹھے ہیں اور کہتے ہیں کہ دیکھو اس کتاب میں میرے متعلق حضرت صاحب کے الہامات ہیں۔

(سیرت المہدی حصہ سوم ص 37)

☆ حضرت ماسٹر فقیر اللہ صاحب نے 29 مارچ 1942ء کو بتایا کہ ''حضرت خلیفہ اول کے آخری ایام میں اللہ تعالیٰ نے مجھے بتایا کہ آپ (یعنی حضرت سیدنا محمود) خلیفہ ہو گئے ہیں اور لوگ آپ کی بیعت کر رہے ہیں میرا یہ رویا سچا تھا اور پورا ہو گیا۔'' آپ سے پوچھا گیا کہ آپ نے پھر بیعت کیوں نہ کی؟ تو انہوں نے کہا کہ ''رویا میں مجھے تو نہیں کہا گیا تھا کہ میں بھی بیعت کروں۔ رویا میں حضرت میاں صاحب کے خلیفہ دوم بننے کی خبر تھی سو وہ پوری ہو گئی''

(الفرقان اپریل 1942ء ص 32)۔

حضرت مصلح موعود اکثر یہ لطیفہ بیان فرمایا کرتے تھے حضرت ماسٹر صاحب کے دل میں چونکہ نور سعادت و ایمان تھا اس لئے خدا کے فضل و کرم سے وہ 1944ء میں نظام خلافت سے وابستہ ہو گئے اور حضرت مصلح موعود کے دست مبارک پر بیعت کر لی۔

☆ آغا محمد عبدالعزیز صاحب فاروقی بھڈانہ تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی) نے 1930ء میں ''کوکب دری'' کے نام سے ایک کتاب شائع کی جس کے ص 5 پر حسب ذیل خواب درج کی:

''آفتاب ایک پرندہ کی شکل میں متمثل ہو گیا۔ اس کے چار پر تھے۔ پہلے پر کے اگلے حصہ پر نور لکھا ہوا تھا اور دوسرے پر کے 1/3 حصہ پر محمود۔ تیسرے پر کے عین وسط میں ناصر الدین اور چوتھے پر اہلبیت۔ ان چاروں پروں کے زیر ایک زرد چادر اور ایک سرخ چادر تھی۔ سرخ چادر زمین پر گر پڑی اور زرد چادر آفتاب میں سما گئی''۔

☆ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب نے 1942ء کے قریب ایک خواب دیکھی جس میں ''خلیفہ ناصر الدین'' اور ''خلیفہ صلاح الدین'' کا ذکر آتا تھا۔ حضرت صاحبزادہ صاحب نے پوری خواب الفرقان اپریل 1944ء میں شائع فرما دی اور لکھا کہ ''خلیفہ صلاح الدین'' سے مراد حضرت خلیفہ ثانی کا دعویٰ مصلح موعود ہے۔

☆ جناب مولوی عبدالرحمٰن صاحب مبشر مولوی فاضل نے اپنی مشہور تالیف ''بشارات رحمانیہ'' طبع دوم کے ص 501 پر 1958ء کی ایک اہم خواب درج کی ہے۔ یہ خواب جناب عبدالسلام صاحب ڈاؤر ضلع ہزارہ کی ہے۔

باقی صفحہ 7 پر

چوہدری فیض احمد صاحب گجراتی

درویشِ قادیان

محترم بابا نور احمد صاحب باورچی

آپ کو قرآنی دعائیں اور درثمین کی نظمیں یاد کرنے کا شوق تھا

ایک بہت ہی خوش قسمت درویش! میانہ قد جھکی ہوئی کمر۔ وہ کمر جو لنگر خانہ میں سلسلہ عالیہ احمدیہ کی سالہا سال خدمت کے باعث دہری ہوگئی تھی۔ سادہ دیہاتی وضع۔ سفید ریش۔ چہرے پر شرافت کے نمایاں آثار۔ ٹھنڈی طبیعت میٹھی زبان۔ خاندان حضرت مسیح موعود کے خادم خاص اور اس مقدس خاندان کی خدمت میں غرق!

یہ تھے بابا نور احمد صاحب باورچی مرحوم۔ جو اپنا ساڑھے پچیس سالہ درویشی کا دور نہایت خاموشی اور خلوص اور متانت سے گزار کر 85 سال کی عمر میں بڑی سرخ روئی کے ساتھ 1973ء میں اپنے مالک حقیقی کے حضور پہنچ گئے۔

بابا مرحوم آج کے بابا نہ تھے۔ بلکہ ابتدائے درویشی سے ہی وہ بابا جی کہلاتے تھے۔ وہ اس لحاظ سے بہت ہی خوش قسمت تھے کہ نہ صرف خود انہیں درویشی کی سعادت حاصل ہوئی بلکہ ان کے ایک فرزند نذیر احمد صاحب ٹیلر اور ایک داماد فضل الرحمن صاحب بھی ابتداء سے ہی درویش تھے۔ بابا جی مرحوم کے دو اور فرزندوں کو بھی کچھ عرصہ درویشی کے ایام گزارنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ لیکن بتقاضائے حالات وہ واپس پاکستان چلے گئے تھے۔

